اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-I)	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2018ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- سبق ''ابوالقاسم زہراوی'' کا مصنف کون ہے:

(a) سلیمان ندوی
(b) الطاف حسین حالی
(c) حمید عسکری ✓
(d) سرسید احمد خاں

-2 کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہیں گے:

(a) تشبیہ
(b) استعارہ
(c) تلمیح ✓
(d) قافیہ

-3 استعارہ کس زبان کا لفظ ہے:

(a) عربی ✓
(b) فارسی
(c) سندھی
(d) ہندی

-4 کبوتر کو کس بات کی فکر لگی رہتی تھی:

(a) جان کی
(b) بچوں کی ✓
(c) انڈوں کی
(d) طوفان کے آنے کی

-5 نصف دریا کو اصطلاح میں کیا کہا گیا ہے:

(a) آدھا دریا
(b) آدھا راوی
(c) راوی ضعیف ✓
(d) کمزور راوی

-6 سیرت طیبہ ﷺ میں کس کے لیے نصیحت پذیری ہے:

(a) معلموں کے لیے
(b) واعظوں کے لیے
(c) ہر طبقے کے لیے ✓
(d) غریبوں کے لیے

7- تشبیہ کے لغوی معنی کیا ہیں:

(a) ہم شکل
(b) ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا ✓
(c) شبہ کرنا
(d) مشترک صفت

8- نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے اس شعر میں موجود ہے:

(a) استعارہ
(b) تشبیہ ✓
(c) تلمیح
(d) کنایہ

9- کسی شعر یا عبارت میں "طوفانِ نوح" کا ذکر ہو تو کون سی اصطلاح ہوگی:

(a) استعارہ
(b) تشبیہ
(c) تلمیح ✓
(d) مجاز مرسل

10- کس کا ذکر آنے سے سرسید کا دل بھر آتا:

(a) بھائی ✓
(b) بیٹا
(c) دلی کا
(d) والدہ کی موت کا

11- وہ ہم آواز الفاظ جو کسی شعر میں ردیف سے پہلے آئیں کیا کہلاتے ہیں:

(a) قافیہ ✓
(b) ردیف
(c) مطلع
(d) مقطع

12- اکبر کے سر میں درد۔۔۔۔:

(a) ہو رہا ہے ✓
(b) ہو رہی ہے
(c) ہو رہے ہیں
(d) ہوتی رہتی ہے

13- ردیف کے لغوی معانی ہیں:

(a) اشارہ کرنا
(b) پیچھے آنا
(c) اُدھار لینا
(d) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا ✓

14- دس روپے۔۔۔۔ وہی لاؤ:

(a) کا ✓
(b) کی
(c) کے
(d) کو

15- ابنِ مریم ہوا کرے کوئی   میرے دکھ کی دوا کرے کوئی' اس شعر میں ردیف کیا ہے:

(a) ابنِ مریم   (b) ہوا' دوا

(c) کرے   (d) کرے کوئی ✓

16- یہ اُردو ____ بہترین لغت ہے:

(a) کی   (b) کا ✓

(c) کے   (d) کو

17- غزل کا آخری شعر جس میں شاعر تخلص استعمال کرتا ہے' کیا کہلاتا ہے:

(a) مطلع   (b) مقطع ✓

(c) قافیہ   (d) ردیف

18- اس نے قلم دوات میز پر ____:

(a) رکھا   (b) رکھی ✓

(c) رکھے   (d) رکھیں

19- ڈاکٹر نے زخموں پر مرہم ____:

(a) رکھا ✓   (b) رکھی

(c) رکھے   (d) رکھو

20- ردیف سے پہلے آتا ہے:

(a) مطلع   (b) مقطع

(c) قافیہ ✓   (d) کچھ بھی نہیں